# Model Sample Paper **Code -A**

Subject: Urdu Class: 9th Session:2026-27

Paper: Annual/ Supplementary Time: 3:00 Hour Marks:80

Roll No.____________________

---

نوٹ: تمام سوالات لازمی ہیں۔

All qustions are compusory.

☆برائے مہربانی اس بات کی تصدیق کر لیں کہ یہ سوال نامہ 6 صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں سوالات کی کل تعداد 20 ہے۔

Please make sure that the printed pages in this question paper are 6 in number and it contains 20 questions.

☆سوال نامے کے دائیں جانب اوپر تحریر کیے گئے کوڈ نمبر کو طالب علم جوابی کاپی کے شروعاتی خاص صفحہ پر ضرور درج کریں۔

The Code No. on the right side of the question paper should be written by the candidate on the front page of the answer book.

☆ برائے مہربانی سوال کا جواب تحریر کرنے سے قبل سوال کا شمار نمبر ضرور درج کریں۔

Before beginning to answer a question its Serial Number must be written.

☆ جوابی کاپی کے درمیان خالی صفحہ/صفحات ہرگز نہ چھوڑیں۔

Don't leave blank page/pages in your answer book.

☆مہیا کرائی گئی کلیدی جوابی کاپی کے علاوہ کوئی دوسری کاپی نہیں ملے گی۔ اس لیے بڑے ہی احتیاط کے ساتھ سوال کا جواب لکھیں اور لکھا ہوا جواب نہ کاٹیں۔

Except answer book, no extra sheet will be given. Write to the point and do not strike the written answer.

☆طالب علم/طالبات اپنا رول نمبر سوال نامہ پر ضرور درج کریں۔

Candidate must write their Roll Number on the question paper.

☆برائے مہربانی سوالات کے جواب تحریر کرنے سے قبل اس بات کی جانچ کو یقینی بنائیں کہ سوال نامہ پوری طرح سے صحیح ہے۔ امتحان کے درمیان اس تعلق سے کوئی بھی دعویٰ قبول نہیں کیا جائے گا۔

Please make sure to check that the question paper is completely correct before writing the answers to the questions. No claim in this connection will be entertained between examinations.

☆سوال نمبر ایک 16 معروضی سوالات پر منحصر ہے۔ ہر سوال ایک ایک نمبر کا ہے۔

Question No. 1 is based on 16 objective type questions and carry 1 equal marks.

☆سوال نمبر 2 سے 8 تک بہت مختصر جوابات پر مشتمل ہیں اور ہر سوال دو دو نمبر کا ہے۔

Question No 2 to 8 are based on Very short answer and carry 2 marks each.

☆سوال نمبر 9 سے 13 تک مختصر جوابات پر مشتمل ہیں ہر سوال 3 نمبر کا ہے۔

Question No 9 to 13 are based short answer type and carry 3 marks each .

☆سوال نمبر 14 سے 16 تک مختصر جوابات پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال 4 نمبر کا ہے؟

Question No 14 to 16 are based on short answer and carry 4 marks each.

☆سوال نمبر 17 سے 19 تک تفصیلی جوابات پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال 5 نمبر کا ہے۔

Question No 17 to 19 are based on long answer and carry 5 marks each.

☆سوال نمبر 20 غیر اقتباسی پیراگراف پر مشتمل ہے۔ یہ سوال 8 نمبر کا ہے۔

Question No 20 is based on unseen passage and carry 8 marks.

☆☆☆☆☆☆☆

سوال **1.** مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار-چار جواب دیے ہیں۔صحیح جواب کا انتخاب کر کے اپنی کاپی میں لکھیے :- 16x1=16

(i) بادشاہ نے 'فیل بان' کو کیا خطاب دیا؟

(ا) مہابت خاں (۲) رحیم خاں

(۳) رستم خاں (۴) عمر خاں

(ii) بچوں کا شاعر کسے کہا جاتا ہے؟

(ا) اختؔر شیرانی (۲) تلوک چند محرومؔ

(۳) اسمعیلؔ میرٹھی (۴) نظیؔر

(iii) منشی پریم چند کی پیدائش کب ہوئی؟

(ا) 1980 (۲) 1880

(۳) 1780 (۴) 1680

(iv) 'گنج معانی' کس شاعر کی کتاب ہے؟

(ا) میر تقی میؔر (۲) تلوک چند محرومؔ

(۳) اسمعیلؔ میرٹھی (۴) نظیؔر

(v) شیاما کے بھائی کا نام کیا تھا؟

(ا) شیامو (۲) کیشو

(۳) اماں (۴) بابو جی

(vi) 'گلستاں' کے کیا معنی ہیں؟

(ا) ہسپتال (۲) باغ

(۳) دفتر (۴) اسکول

(vii) 'فیل' کے معنی کیا ہیں؟

(ا) ہاتھی (۲) گھوڑا

(۳) بکرا (۴) بیل

(viii) دلی کے آخری داستان گو کون تھے؟

(ا) میر امن (۲) حیدر بخش حیدری

(۳) میر باقر علی (۴) تحسین

(ix) ہاتھی کی روٹی کیسی ہوتی ہے؟

(ا) پتلی (۲) دو تین انچ موٹی

(۳) چپاتی (۴) تندوری

(x) مکڑی کا انجام کیا ہوا؟

(ا) پہاڑ کی چوٹی سے گر گئی　　(۲) پہاڑ پر ہی ٹھہری رہی

(۳) عقاب کے ہی چپٹی رہی　　(۴) آسمان میں اڑنے لگی

(xi) بھارت کے پہلے مصنوعی سیارے کا نام کیا تھا؟

(ا) آریہ بھٹ　　(۲) چندریان

(۳) منگل یان　　(۴) اسپوتنک

(xii) 'پنچھی' کے کیا معنی ہیں؟

(ا) مسافر　　(۲) پتھر

(۳) پرندہ　　(۴) پہاڑ

(xiii) 'بہادر بنو' کس کی نظم ہے؟

(ا) افسر میرٹھی　　(۲) اسمٰعیل میرٹھی

(۳) جوش　　(۴) سورج نرائن مہر

ivx) 'غار' کے معنی کیا ہیں؟

(ا) چٹان　　(۲) پہاڑ

(۳) وادی　　(۴) کھو

(xv) 'نظم' کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(ا) لڑی میں موتی پرونا　　(۲) انتشار

(۳) پھیلانا　　(۴) بے ترتیب

(xvi) لفظ 'بیدار' کے معنی کیا ہیں؟

(ا) رونا　　(۲) سونا

(۳) جاگنا　　(۴) ہنسنا

سوال.2 کامرانی کا راز کیا ہے؟　　2x1=2

سوال.3 مولا بخش نے کھانا کیوں بند کر دیا تھا؟　　2x1=2

سوال.4 لڑکی غمگین لے میں کیوں گا رہی تھی؟　　2x1=2

سوال.5 کنگارو کی غذا کیا ہے؟　　2x1=2

سوال.6 لکڑ ہارے نے سند باد کے محل میں کیا دیکھا؟ 2x1=2

سوال.7 ''انٹ کے گلے میں بلی'' اس مقولے کا استعمال کب کیا جاتا ہے؟ 2x1=2

سوال.8 لالچ کرنے سے مکھی کو کیا سزا ملی؟ 2x1=2

سوال.9 مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف تین کے واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنائیے۔ 3x1=3

مطالب تکلیف حقوق جنگل بلبلیں

سوال.10 مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف تین کے متضاد لکھیے۔ 3x1=3

اتفاق جاہل صبح دھوپ خسارہ

سوال.11 مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف تین کے مذکر سے مونث اور مونث سے مذکر بنائیے۔ 3x1=3

لڑکا بہن مور مرغا عورت

سوال.12 مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی ایک کی تعریف لکھ کر مثال پیش کیجیے۔ 3x1=3

اسم
ضمیر
صفت
فعل

سوال.13 مندرجہ ذیل صنف کی تعریف لکھ کر مثال پیش کیجیے۔ 3x1=3

نظم

سوال .14 مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجیے۔ 4x1=4

''تاجر کا چہرہ شرم سے سرخ ہو گیا۔اس کی آنکھوں سے آنسو نکل پڑے۔ بڑھ کر اس نے گھوڑے کی گردن میں ہاتھ ڈال دیا۔اس کا منھ چوما اور کہا میرا قصور معاف کر،،۔یہ کہہ کر اس نے وفادار گھوڑے کو ساتھ لیا اور گھر لے آیا۔ پھر اس کے لیے ہر طرح کا ے آرام کا انتظام کر دیا۔''

سوال.15 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شعری حصّے کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے۔ 4x1=4

(الف)

کہو کچھ کسی سے تو لفظوں کو تولو
کبھی گالیوں پر نہ منھ اپنا کھولو
کبھی بھول کر بھی نہ تم جھوٹ بولو
جو میری سنو سیدھے رستے پہ ہولو
ارے پیارے لڑکو بہادر بنو تم

(ب)

خوش خوش ہر ایک آدمی ہے
ہر شے میں بلا کی دلکشی ہے
یہ صبح کا دل فریب منظر
یہ شام کا حُسن، روح پرور

سوال.16 مندرجہ خالی جگہوں کو دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے پُر کیجیے۔ 1x4=4

بچے پاپ کانپ ٹوٹی

(i) کیشو دل میں -------------- رہا تھا۔

(ii) پانی کی پیالی بھی ایک طرف ----------------- پڑی ہے۔

(iii) کیشو کے سر اس کا ----------- پڑے گا۔

(iv) -------- نکل کر پھر سے اڑ جائیں گے۔

سوال.17 اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام سیکشن تبدیل کرنے کی ایک درخواست لکھیے۔ 5x1=5

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام فیس معافی کی ایک درخواست لکھیے۔

سوال.18 مندرجہ ذیل شعرا میں سے کسی ایک کی حیات وشخصیت پر تفصیلی مضمون لکھیے ۔ 5x1=5

اسماعیل میرٹھی

اختر شیرانی

تلوک چند محروم

سوال.19 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر تفصیلی مضمون لکھیے ۔ 5x1=5

میرا استاذ　　چڑیا گھر کی سیر　　وقت کی اہمیت　　میرا اسکول　　مصنوعی ذہانت

سوال.20 مندرجہ غیر تدریسی اقتباس کا مطالعہ کرنے کے بعد درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔ 1x8=8

''وقت کائنات کا سب سے بڑا اور انمول سرمایہ ہے۔ دنیا میں کھوئی ہوئی دولت، صحت اور رتبہ تو محنت سے دوبارہ حاصل کیا جا سکتا ہے، لیکن گزرا ہوا ایک سیکنڈ بھی کسی قیمت پر واپس نہیں لایا جا سکتا۔ وقت کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ یہ کبھی کسی کا انتظار نہیں کرتا، بلکہ اپنی طے شدہ رفتار سے مسلسل آگے بڑھتا رہتا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ دنیا میں جتنی بھی عظیم شخصیتیں گزری ہیں، ان کی کامیابی کا سب سے بڑا راز وقت کی پابندی اور اس کا صحیح استعمال تھا۔ جو قومیں وقت کی قدر کرتی ہیں، وہ ترقی کی بلندیوں پر پہنچ جاتی ہیں، اور جو اسے فالتو کاموں میں برباد کرتی ہیں، وہ پیچھے رہ جاتی ہیں۔

ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنے روزمرہ کے کاموں کا ایک منظّم ٹائم ٹیبل بنائیں تاکہ زندگی کا ہر لمحہ قیمتی بن سکے۔ طلبہ کے لیے تو وقت کی پابندی اور بھی زیادہ اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ جو طالب علم آج کا کام کل پر ٹالتا ہے، وہ امتحان کے دنوں میں پریشانی کا سامنا کرتا ہے۔ وقت ایک ایسی بہتی ہوئی ندی ہے جس کے پانی سے پیاس تو بجھائی جا سکتی ہے، لیکن اس کی لہروں کو روکا نہیں جا سکتا۔ اس لیے عقلمندی اسی میں ہے کہ ہم وقت کے ہر لمحے کو غنیمت سمجھیں، سستی کو چھوڑیں اور اپنے فرائض کو بروقت انجام دے کر ایک کامیاب انسان بنیں۔''

سوالات:

1. عبارت کے مطابق کائنات کا سب سے انمول سرمایہ کیا ہے؟
2. وقت اور دنیا کی دیگر چیزوں (جیسے دولت یا صحت) میں کیا بنیادی فرق ہے؟
3. وقت کی سب سے بڑی خصوصیت یا عادت کیا بتائی گئی ہے؟
4. تاریخ کے مطابق دنیا کے عظیم لوگوں کی کامیابی کا سب سے بڑا راز کیا تھا؟
5. ترقی کرنے والی اور پیچھے رہ جانے والی قوموں میں کیا فرق ہوتا ہے؟
6. ہم اپنی زندگی کے ہر لمحے کو کس طرح قیمتی بنا سکتے ہیں؟
7. آج کا کام کل پر ٹالنے سے طلبہ کو کیا نقصان اٹھانا پڑتا ہے؟
8. مصنف نے وقت کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے اور کیوں؟